It has been used in the early classic social psychological experiments by Kurt Lewin, Stanley Milgram, and Phillip Zimbardo. Herbert Kelman suggested that role-playing might be "the most promising source" of research methods alternative to methods using deception.

In Training

Role-playing may also refer to role training where people rehearse situations in preparation for a future performance and to improve their abilities within a role. The most common examples are occupational training role-plays, educational role-play exercises, and certain military war games.

In Military & Simulation

One of the first uses of computers was to simulate real-world conditions for participants role-playing the flying of aircraft. Flight simulators used computers to solve the equations of flight and train future pilots.

سیمینار Seminar

سیمینار کیا ہے؟

سیمینار ایک تعلیمی یا غیر تعلیمی اجتماع ہے جس میں دئے گئے موضوع پر پُر فہم تبادلہ خیالات پیش کئے جاتے ہیں۔

سیمینار ایک قسم کی تعلیمی ہدایت ہے، جو اکثر کسی تعلیمی ادارے یا پھر کسی کمرشیل یا پروفیشنل ادارے پیش (offer) کرتے ہیں۔ اس سیمینار میں ایک چھوٹے گروہ کا اجتماع کیا جاتا ہے جس میں بار ہا ہونے والی میٹنگز ہوتے ہیں۔ ہر میٹنگ میں خاص موضوع دیا جاتا ہے اور جس میں یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ گروہ کے سارے افراد فعال طریقے سے حصہ لیں۔ اس طریقہ کار میں سقراطی ڈائلوگ کا نمونہ اختیار کیا جاتا ہے جس میں ایک لیڈر یا انسٹرکٹر اس پروگرام کو انجام دیتا ہے۔ سیمینار میں روایتی تحقیق پیش کش ہوتی ہے۔ یہاں پر دئے گئے موضوعات وعنوانات پر مقالے پڑھے اور گفتگو میں لائے جاتے ہیں۔ سوال وجواب کا سیشن بھی ہوتا ہے اور ڈبیٹ وڈسکشن بھی کئے جاتے ہیں۔

وجہ تسمیہ Etymology

لفظ سیمینار لاطینی لفظ seminarium ماخوذ ہے جس کا مطلب کسی موضوع کا بیج بونا ہے۔

مجموعی جائزہ Overview

دنیا کی یونیورسٹیوں میں اصطلاح سیمینار ایک ایسا انٹینس کورس اسٹڈی ہے جو طلباء کی تعلیم کو مدنظر رکھ کر انعقاد کیا جاتا ہے۔ اکثر سیمیناروں میں ایک پروفیسر کو چند ہی طلباء مختص کئے جاتے ہیں جب کہ کلاس روم میں لکچرر یا پروفیسر کلاس کے سارے طلباء سے مخاطب ہوتا ہے، اور مضمون بھی خاص اور اہم منتخب کیا جاتا ہے۔ امتحانات، ٹرم پیپرس، پریزینٹیشنز اور دیگر اسائنمنٹ اور ان کے متعلق مسائل کو حل کرنے کا بہترین ذریعہ سیمینار ہے۔

اس کا اہم مقصد کیا ہے What is the Idea behind

سیمینار کا اہم مقصد یہ ہے کہ طلباء کو اس بات سے آگاہ کردیں کہ ان کے منتخب شدہ موضوعات کے methodology کیا ہیں اور تحقیق کے دوران کس طرح عملی مسائل کو مثالوں کے ساتھ تعامل کیا جا سکتا ہے۔

اگر کوئی معروف مفکر اس سیمینار کو منعقد کرتا اور اس میں مخاطب ہوتا ہے تو وہ سیمینار ایک طویل لکچر کورس کہلاتا ہے۔ اس سیمینار میں سامعین کی تعداد اور طلباء کا ڈسکشن میں اشتراک کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ غیر انگریزی ملک ہندوستان میں اصطلاح سیمینار اکثر و بیشتر مستعمل ہے۔ ہندوستان کی تمام تر زبانوں میں یہ اصطلاح عام ہے، جس سے کالج یا یونیورسٹی میں پیش ہونے والے ٹرم پیپر یا پروجیکٹ کو تصور کیا جاتا ہے، جو کلاس روم لکچر کے متضاد ہے۔ یہاں تک کہ اردو میں انگریزی اصطلاح seminar کا کوئی موزوں

متبادل نہیں ہے۔اس لئے اردو میں بھی یہ اصطلاح عام ہے۔ ہر تعلیمی ادارے میں خاص طور پر سائنٹفک میدانوں میں اس اصطلاح کو کافی مؤثر اور غیر متبادل تصور کیا جاتا ہے۔

لیکچر کیا ہے؟ What is a lecture ?

ایک ماہر تعلیم یا لکچرر، کلاس روم میں طلباء کے روبرو کھڑا ہوتا ہے اور منظم طریقے سے مطلوبہ عنوان پر درس دیتا ہے۔اس طرح کسی بھی کالج یا یونیورسٹی میں کئی لکچررز ہوتے ہیں۔

اکثر ہر پروفیسر لکچر دیتا ہے، لیکن اس ملک میں لکچرر اس کو کہا جاتا ہے جو کسی بھی ادارے کا مستقل فیکلٹی ممبر نہیں ہوتا اور اس کی ملازمت کی مدت بھی مقرر نہیں ہوتی۔ کسی بھی لکچرر کو عارضی طور پر خدمات لینے کے لئے متعین کیا جاتا ہے، یا پھر ایک تعلیمی سال کے لئے۔

اس طریقہ کے عارضی طور پر خدمات میں لکچرر اپنی صلاحیتوں سے باضابطہ طور پر انصاف نہیں کر پاتا۔اس کی methodology and methods of instructions میں کافی تبدیلیاں آسکتی ہیں۔ ہر سال وہ اسی شدت سے لکچر نہیں دے سکتا۔ پھر بھی وہ لکچر کو قائم رکھتا ہے، جو کہ لکچر سسٹم میں یہ غیر ممکن فعل ہے۔

Seminar

Seminar is an academic or non academic gathering to have a cognitive discussion to comprehend the given topic.
A seminar is a form of academic instruction, either at an academic institution or offered by a commercial or professional organization. It has the function of bringing together small groups for recurring meetings, focusing each time on some particular subject, in which everyone present is requested to actively participate. This is often accomplished through an ongoing Socratic dialogue with a seminar leader or instructor, or through a more formal presentation of research. It is essentially a place where assigned readings are discussed, questions can be raised and debates can be conducted.

Etymology

The word seminar is derived from the Latin word seminarium, meaning "seed plot".

Overview

In most of the universities around the world, the term "seminar" refers to a course of intense study relating to the student's major. Seminars typically have significantly fewer students per professor than normal courses, and are generally more specific in topic of study. Seminars can revolve around term papers, exams, presentations, and several other assignments.

What is the Idea behind?

The idea behind the seminar system is to familiarize students more extensively with the methodology of their chosen subject and also to allow them to interact with examples of the practical problems that always occur during research work.
A seminar may be a large lecture course, especially when conducted by a renowned thinker. The size of the audience or the scope of the student participation in the discussion is not counted here. In non-English speaking country India, the term SEMINAR is widely used

and even all the Indic languages adopted this term in their common usage to a collegiate or university class that includes a term paper or project, as opposed to a lecture class. Even in Urdu the English term Seminar has no alternate term to use. In most of the academic institutions, typically in scientific fields, the term has a strong impact without any substitute.

What is a lecture?

An academic expert or a lecturer stands up in front of a class and gives an organized talk designed to teach you something. There are lots of lecturers at colleges and universities.

Although many professors lecture, in this country the title lecturer usually refers to a teacher who is not a permanent member of the faculty but one of the many college instructors who does not have tenure. The lecturer may even be hired for a single semester or year.

It is immediately apparent that such a method throws a considerable burden on the resources of the instructor. No longer is he able to repeat lectures; his methods of instruction must vary according to the changing composition of each class. Yet he establishes, in a way impossible under the lecture system.

خیالات کے تبادلے

شیئرنگ آف آئیڈیاز Sharing of Ideas

خیالات اور تجربات کے تبادلے یا شیئرنگ ایک بہترین ذریعہ ہیں ایک دوسرے کے تعارف کے لئے۔ ساتھ ساتھ نئے تصورات سے آشنا کرنے اور عوام کو باقاعدہ ایک میدان میں لانے، تبادلہ خیالات کرنے بات چیت کرنے اور لوگوں کو گرویدہ کرنے میں کافی معاون عمل ہے۔

فوائد:

کام کرنے کے مقامات یا ورکنگ اسٹیشنز پر خیالات کے شیئرنگ سے کئی فائدے ہیں۔ عوام ایک دوسرے کو جان سکتی ہے۔ لوگ ایک دوسرے سے تبادلہ خیالات کے ذریعے اپنے معلومات میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

بہتر بنیں Get Better

لوگوں سے خیالات کے شیئرنگ اور گفت وشنید سے خود کو معلومات سے آراستہ کیا جاسکتا ہے، لوگوں کو بھی معلومات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ کبھی بھی کوئی بھی واحد خیال اصل نہیں ہوتا، اکثر و بیشتر قدرتی یا فطری طور پر متبادل ہوتے ہیں۔ خیالات کے تبادلے خوشگوار اور پُرامن ماحول کے پیدا کرنے اور ورکنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھانے میں

معاون ومددگار ثابت ہوئے ہیں۔
ورکنگ اسٹیشنز پر مہارتوں کے اشتراک اور شیئرنگ سے خود کو اور دوسروں کو اعلیٰ درجہ کے ماہر بنایا جا سکتا ہے۔

نئے راستوں میں خیالات کا انسلاک Connecting Ideas in New Ways

کوئی بھی فرد اپنے خیالات میں کامل نہیں ہوتا۔ کام کے دوران ہر فرد خود کو آشکار کرتا ہے وہ بھی ایسے جیسے کہ وہ کبھی آشکار نہیں ہوا تھا۔ لوگوں سے خیالات کے شیئرنگ کے ذریعہ نئے نئے خیالات وتجربات کھل کر سامنے آنے لگتے ہیں۔
یہ ہرگز ممکن نہیں کہ کوئی ایک ذہن ہر زاویے سے سوچ سکے، ایسی صورت میں ہر فرد کو چاہئے کہ دوسروں کے اشتراک سے عام مقصد کے حصول میں اپنا کردار ادا کریں۔ نوع انسان ایک اشتراکی نوع ہے، بڑے کام انجام دینا اس کا مقصد حیات ہے۔ لیکن انسان کے لئے بغیر اشتراک کے کوئی بھی فعل انجام دینا ناممکن ہے۔
یہ سمجھ لینا کہ یہ خیال صرف میرا ہے، نہ کسی کے کام آ سکا ہے اور نا ہی کوئی بڑے کام کو انجام دے پایا ہے۔

ہم دیتے ہیں ہم لیتے ہیں We give, We receive

باہمی طور پر خیالات کو شیئر کرتے ہوئے کام کریں تو ہر کوئی اس کا اچھا ثمرہ پائے گا۔ بغیر

اس بات کو عام کرے کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور سوچ رہے ہیں، دوسروں کو یہ ہرگز ممکن نہیں کہ ان معلومات میں شراکت کریں۔

یہ عمل دوسروں پر بھی پیش آتا ہے۔ اگر کوئی یہ نہیں واضح کرتا کہ وہ کیا سوچ رہا ہے اور کیا کر رہا ہے تو کوئی بھی اس کے اس کام میں شراکت نہیں کر سکتا اور نا ہی کوئی مدد کر سکتا ہے۔

ہم مربوط ہیں We connect

جدید دور میں یہ آسان نہیں ہے کہ کسی سے رابطہ نہ رکھیں اور کسی بھی کام کو آٹومیٹ کریں۔ رابطہ رکھنا ایک انسانی فعل ہے، یہ ممکن نہیں کہ خودکاری سے جڑ جائیں۔ ہم جو بھی رابطے قائم کرتے ہیں وہ خودکار نہیں ہوتے بلکہ جوڑنے پڑتے ہیں جو صرف نالج کے شیئرنگ سے ہی ممکن ہیں، اور اس امر کے بدلے میں بڑے مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

زیادہ روابط سے کم وقفہ میں زیادہ سے زیادہ کام انجام دے سکتے ہیں۔

تنوع ہی سے ایجادات ممکن ہیں Diversity Innovates

مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے دماغ اجتماعی طور پر کام انجام دیں تو نئی ایجادات جنم لیتی ہیں جو تعجب خیز اور فائدہ بخش ہوتی ہیں۔

خیالات آتے ہیں اور جاتے ہیں Ideas Come & Go

خیالات وہ نہیں ہیں جنہیں ایک جگہ روکا یا منجمد کیا جا سکے اور نا ہی مروّجہ کرینسی ۔ خیالات ہمیشہ عارضی ہوتے ہیں، یہ بھی ممکن ہے کہ ایک جیسے خیالات ایک سے زائد لوگ رکھتے ہوں۔ روابط کافی اہم ہیں۔ لوگوں کو مربوط کرنا گویا کہ خیالات کا ارتباط ہے۔ خیالات کا ارتباط ایجادات کا مبدا ہے اور لوگوں سے مربوط ہونا ہی نئی ایجادات کو زندگی میں لاتا ہے۔

خیالات کو روکے رکھنا کمال نہیں ہے، ان کی اہمیت تب ہی اجاگر ہوتی ہے جب انہیں دوسروں سے شیئر کرتے ہیں۔ ہر کسی کو کھلے طور پر کام کرنا چاہئے کیونکہ تنگ نظریات خیالات کو روک دیتے ہیں۔

اسی طرح اپنے ادارے کو بھی وسعت دیں اور تنگ دیواروں سے باہر لائیں۔ کبھی بھی صرف اپنے ادارے تک ہی معلومات کو محدود نہ کریں، یہ نہ سوچیں کے خیالات صرف آپ کے ادارے کے لئے بنے ہیں۔ جب آپ خود کو وسیع بنائیں گے اور ساری دنیا کے ساتھ اپنے خیالات کو شیئر کریں گے تب یہ آپ کے معلومات میں اضافہ ہونے اور آپ کی ترقی کا ضامن ہوگا۔

عالمی سطح کے روابط آپ کو ہمہ جہتی کے میدان میں لے جاتے ہیں جو ہر کسی کی ضرورت ہے۔ خیالات آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر جن روابط کو آپ نے قائم کیا ان کا کوئی متبادل نہیں ہو سکتا اور آپ ہرگز ناکامیاب نہیں رہیں گے۔

Sharing Ideas

Sharing ideas and experiences is an important way of introducing each other to new concepts and regularly bringing people together to network, exchange ideas, chat, and catch up.

Advantages;

There are many benefits from sharing ideas at work. People know and learn public knowledge from others and get benefitted.

Get Better

Every time sharing ideas with others and have a discussion with them we get better. There is no single ideas is original, all the ideas are exchanged naturally. Exchange of ideas gives a better and harmonious atmosphere and the jobs are done well. Collaborating and sharing more skills at jobs bring us a higher level of expertise.

Connecting Ideas in New Ways

One person can never have an idea that's perfect. By sharing our ideas at work we are exposed to a side we may have never thought of before. New and better things come out of sharing ideas with others.

There's no way one brain can think of every angle, so everybody has to cooperate and work together to reach a common larger goal. The human race is a cooperative race and it allowed us to do great things.

Sitting on an idea like you own it has never helped anybody meet a greater goal.

We Give, We Receive

By sharing ideas and working together, everyone involved benefits and receives a bit back. Without making it known what we're doing and thinking, it's impossible for others to contribute to that knowledge.

The same goes for everyone else. If nobody makes it known what they're working on and what they're thinking, one won't be able to contribute to their work!

We Connect

Modern work that isn't easy to automate is all based off of connections. Connecting is uniquely human and can't be automated or taken away. The connections we make come through sharing knowledge and what we're working on, those connections in return allow us to do bigger things.

The more connections we make the more we can do in a shorter amount of time.

Diversity Innovates

The more minds that come together and from all different backgrounds, the better off we are able to come up with new and wonderful things.

Ideas Come & Go

Ideas are never something we want to hold like we own them, they aren't currency. Ideas are temporary and others will have the same ideas anyway. Connections are more important. Connecting with people and connecting of ideas. Connecting ideas is where innovation comes from, and connecting with people makes those innovations come to life.

Ideas aren't important to hold on to, their only importance is in sharing them with others. Make yourself open and share with others.

Expand beyond your organizations walls too. Never share only within your organization and never feel limited to the diversity it has to offer. The more you open up to the entire world and share with those across the globe, the more you'll learn and grow.

Global connections introduce that diversity of ideas everyone needs. Ideas come and go but the diverse connections you can make globally cannot be replaced and will not fail you.

Chapter - 7

طبی معلومات کو اخذ کرنا اور ان کی زخیرہ سازی

Acquisition of Medical Information

ٹیکسٹ بک، ریفرنس بک، ریسرچ پیپرز، ریویو پیپرس، ڈرگ انڈکسیز، الیکٹرانک میڈیا، اوران پر اعتمادیت (بھروسہ مندی)

کسی بھی شعبہ تعلیم میں یہ ضروری ہے کہ مطالعہ، تحقیق اور پریزنٹیشن کے لئے وسائل کی صورت میں انفارمیشن کو حاصل کیا جائے۔ٹھیک اسی طرح طب میں بھی یہ ضروری ہے کہ وسائل کو مواد کی صورت میں یکجا کیا جائے جس کے ماتحت انفارمیشن میں اپڈیٹ رہیں اور مواصلات کے میدان میں خود کفیل بن سکیں۔

- ☆ درسی کتب یا ٹیکسٹ بک Text Book
- ☆ حوالہ جاتی کتب یا ریفرنس کتب Reference Book
- ☆ تحقیقی مقالے یا ریسرچ پیپرس Research Papers
- ☆ ریویو پیپرس Review Papers

☆ فہرست ادویات یا ڈرگ انڈیکس Drug Indexes

☆ الیکٹرانک میڈیا، اقسام اور اعتماد Electronic Media, Types & Reliability

طب کے پیشے میں، جو بھی معلومات حاصل ہوئے یا کئے گئے ہوں، انہیں تجزیہ کرنے اور محسوب کرنے کے لئے، ہر طبیب کے پاس اپنا ایک گھریلو کتب خانہ ہونا ضروری ہے۔ ساتھ ساتھ آن لائن ڈیجیٹل کتب خانوں، بروشرز، مینیول، جرنل، ڈرگ انڈیکس ودیگر وسائل سے رابطہ ہونا سخت ضروری ہے۔ ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ معلومات حسب حاضر اور اپڈیٹیڈ ہوں۔

اس کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر کو چاہئے کہ جدید تحقیقات کے متعلق معلومات سے سرشار ہوں۔ وزارت صحت، محکمہ صحت و خاندانی بہبود، بین الاقوامی ادارہ صحت، قومی و بین الاقوامی سطح کے صحت پروگرام جیسے پولیو ویکسینیشن، اینٹی ملیریل ڈرائیو وغیرہ سے بھی آگاہ ہوں

Acquisition of Medical Information:

Text-book, Reference Book, Research Papers, Review Papers, Drug Indexes,

Electronic Media: Types, Reliability.

In any branch of faculty, it is necessary to acquire information to make a source of study, research and presentation. Likewise in Medicine too, it is very important to see the source and resourceful material and have to acquire for getting information and keeping oneself updated.

* Text Books
* Reference Books
* Research Papers
* Review Papers
* Drug Indexes
* Electronic Media, types and reliability

To analyze and assess the information one got regarding their medical profession, one has to have their own home library, access to online digital libraries, Brochures, manuals, journals, drug indexes with updated information.

Apart a medical professional should have knowledge of day to day research, Ministry of Health, Research Organizations, World Health Organization, International and National level important Health Programs, like Polio Vaccination, Anti Malarial Drive etc.,

ڈرگ انڈیکس کیا ہے؟ What is Drug Index?

ڈرگ انڈیکس یا ادویات کی فہرست (دواؤں کی لسٹ)

عالمی ادارہ انٹرنیشنل ڈسپینسری اسوسی ایشن جو کہ عالمی ادارہ صحت سے منسلک ہے اور اسی کے ماتحت کام کرتا ہے۔ اس کی ذمہ داری یہ ہے کہ ڈرگ انڈیکس تیار کرے۔ اس کی جانب سے عالمی سطح کی ڈرگ انڈیکس تیار کی جاتی ہیں۔

مختلف کمپنیاں بھی دوائیاں تیار کرتی ہیں۔ اس کے متعلق جانکاری فراہم کرنے والی ڈائریکٹری یا فہرست ہی ڈرگ انڈیکس ہے۔

اس ڈرگ انڈیکس کی خصوصیات:

اس ڈرگ انڈیکس کی تیاری یا ترتیب دینے میں مندرجہ ذیل کے فیچرس مدنظر رکھے جاتے ہیں۔

☆ متعلقہ نیشنل ڈرگ پالیسیس National Drug Policies

☆ ضروری ادویات تک دستیابی Access to Essential Drugs

☆ سپلائی سسٹم Supply system

☆ ریشنل طور پر ادویات کا استعمال Rational Use of Drugs

☆ معیاری یقین دہانی Quality Assurance

☆ صحیح توازن کی تلاش Finding the right balance

☆ آئی ڈی اے اور اہم ادویات کا تصور IDA and the Concept of Essential Drugs.

عام خصوصیات General Highlights

ڈرگ انڈیکس یا ڈرگ ڈائریکٹری کی خصوصیات؛

- ☆ مینوفیکچرر، ڈسٹریبیوٹرز، ڈرگس Manufacturer, Distributors, Drugs
- ☆ فیچرڈ کمپنی، کمپنی پروفائل Featured Company, Company Profile
- ☆ ڈرگ کمپیریزن Drug Comparison
- ☆ ڈرگ جینرک Drug Generic
- ☆ ڈرگ برینڈ Drug Brand
- ☆ ایمرجنسی ڈرگس: ایمرجنسی میں ڈرگ کا استعمال Emergency Drug
- ☆ پروڈکٹ ایڈوائزر Product Advisor
- ☆ ٹیکنیکل آرٹیکلز Technical Articles
- ☆ ڈرگس پریویو Drugs Preview

ڈرگ انڈیکس کے اقسام Drug Index Types

ڈرگ انڈیکس اور ڈرگ ڈائرکٹریز کے اقسام

- ☆ مینیول انڈیکس Manual Index
- ☆ ہینڈ بک Hand Book
- ☆ ڈائریکٹری Directory

☆ ڈیجیٹل انڈیکس Digital Index

☆ آنلائن انڈیکس Online Index

☆ کمپنی پروڈکٹس انڈیکس Company Products Index

☆ ڈرگ انفارمیشن پورٹلز Drug Information Portals

☆ وزارت سے بین کئے گئے ڈرگس اوران کی فہرست List of banned Drugs

☆ ڈرگ پریویو Drugs Preview

☆ ڈرگ انفارمیشن سائٹس، بلاگس اور فورم

Drug Information Sites, Blogs & Forums

What is Drug Index

Drug Index is an Index Prepared by International Dispensary Association (IDA) Drug Index is a one-stop solution to find Drug Manufacturers, Distributors and the List of Drugs in the field of Clinical Practices. It also highlights brief information of the manufacturer, list of Drugs Manufactured, mailing address and contact person information.

Features of Drug Index

The Drug Index has the common features or prepared based on

- National Drug Policies
- Access to Essential Drugs
- Supply system
- Rational Use of Drugs
- Quality Assurance

* Finding the right balance
* IDA and the Concept of Essential Drugs.

General Highlights

The General Highlights of the Drug Index or Drug Directory are;

* Manufacturer, Distributors, Drugs
* Featured Company, Company Profile
* Drug Comparison
* Drug Generic
* Drug Brand
* Emergency Drugs : Drugs Used In Emergency
* Product Advisor
* Technical Articles
* Drugs Preview

Drug Index Types

Types of the Drug Index or Drug Directory are;

* Manual Index
* Hand Book
* Directory
* Digital Index
* Online Index
* Company Products Index
* Drug Information Portals
* List of banned drugs by the Ministry
* Drugs Preview
* Drug Information sites, blogs and forums

الیکٹرانک میڈیا: اقسام اور اعتمادیت

Electronic media types & reliability

میڈیا انسانی زندگی کا اہم حصہ بن گیا ہے۔ یہ میڈیا پچھلے ادوار میں مختلف صورتوں میں رہا۔

لیکن جدید دور میں اس کے دو اہم زمرے ہیں۔

۱۔ پرنٹ میڈیا Print Media

۲۔ الیکٹرانک میڈیا Electronic Media

پرنٹ میڈیا ایک اسٹاٹک میڈیا Static Media (جامد میڈیا) ہے جو عوام تک اشاعت کے ذریعے پہنچتا ہے، جس کی بہترین مثال اخبار ہے۔

الیکٹرانک میڈیا ایک ڈائنامک میڈیا Dynamic Media (متحرک میڈیا) ہے جو عوام تک بذریعے نشریات، ٹیلی کاسٹنگ اور آن لائن پبلکیشن کے ذریعے پہنچتا ہے۔ یہ میڈیا اپنے مواد یا کانٹینٹ (Content) کو سامعین اور ناظرین تک الیکٹرانکس کے ذریعے پہنچاتا ہے اس لئے یہ الیکٹرانک میڈیا کے نام سے جانا جاتا ہے۔

بنیادی الیکٹرانک میڈیا جو مقبول عام ہیں۔

۱۔ ویڈیو ریکارڈنگ Video Recording

۲۔ آڈیو ریکارڈنگ Audio Recording

۳۔ ملٹی میڈیا پریزنٹیشن Multimedia Presentation

۴۔ سلائیڈ پریزنٹیشن Slide Presentation

۵۔ سی ڈی روم اور آن لائن کانٹنٹ CD ROM & Online Content

موجودہ میڈیا بصورت ڈیجیٹل میڈیا Digital Media ہے۔جو الیکٹرانک میڈیا Analogue اور Digital الیکٹرانک ڈیٹا کی صورت میں پایا جاتا ہے۔
الیکٹرانک میڈیا کا انسلاک اسٹوریج میڈیم (Storage Medium) پر ریکارڈیڈ کانٹنٹ (Recorded content) کی شکل میں رہتا ہے۔لیکن لائیو بروڈ کاسٹنگ (Live Broadcasting) اور آن لائن نیٹورکنگ (Online networking) کے لئے ریکارڈنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
الیکٹرانک کمیونکیشن پروسیس میں استعمال شدہ اشیاء مثلاً ٹیلی ویژن، ریڈیو، ٹیلی فون، کمپیوٹر، گیم کنسول (Game consol)، ہینڈ ہیلڈ ڈیوائس (Hand held devise) و دیگر آلات کو بھی الیکٹرانک میڈیا مانا جاتا ہے۔

Electronic media types & reliability

Media had been an integral part of human life. It might have in many forms in the olden days.

Now a day the media are two kinds

1. Print Media
2. Electronic media

Print media is a static media and reach to the public through publication, example News Paper.

Electronic media is a dynamic media and reach to the public through broadcasting, telecasting and online publication. It provides access of the content to the audience through electronics; hence it is called as Electronic Media.

The primary electronic media sources familiar to the general public are;

1. Video recordings
2. Audio recordings
3. Multimedia presentations
4. Slide presentations
.5. CD-ROM and online content.

Current Media form is of digital media. Electronic media may be in either analogue or digital electronic data format.

Although the term is usually associated with content recorded on a storage medium, recordings are not required for live broadcasting and online networking.

Any equipment used in the electronic communication process (e.g. television, radio, telephone, desktop computer, game console, handheld device) may also be considered electronic media.

ریسرچ پیپر اور ریویو پیپر

Research Paper and Review Paper

ریسرچ پیپر کو اصلی تحقیقی مقالہ بھی کہتے ہیں، یہ بنیادی طور پر ایک پرائمری سورس مانا جاتا ہے۔ اس میں مصنف ذاتی طور پر خام ڈیٹا جمع کرتا اس کا تجزیہ کرتا اور تحقیق کے حقائق تک نتیجتاً پہنچتا ہے۔ ریسرچ پیپر بنیادی طور پر اصلی تحقیق ہے جسے ایک فرد یا ٹیم یا ادارہ تحقیق کرتا ہے۔ تحقیق کا طریق آپ کے میدان اور موضوع پر منحصر ہے (Experiments, survey, interview, questionnaire etc.) لیکن مصنف کو چاہئے کہ خام ڈیٹا کی ذخیرہ سازی کرلیں، تجزیہ کاری کرلیں اور پھر اصلی تحقیق شروع کریں۔ ریسرچ پیپر اسی تجزیہ کاری اور ڈیٹا کی تشریح کاری پر مبنی ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ریسرچ پیپر ایک نئی تخلیق ہے۔

ریویو آرٹیکل Review Article

کسی عنوان پر شائع شدہ آرٹیکل کا تنقیدی خلاصہ ہی ریویو آرٹیکل ہے۔ اس طرح یہ ثانوی وسیلہ یا ذریعہ ہے۔ ایک ریویو آرٹیکل یا ریویو پیپر ہمیشہ دیگر شائع شدہ آرٹیکل پر منحصر ہوتا ہے۔ یہ اصلی تحقیق کی رپورٹنگ نہیں کرتا۔ بلکہ شائع شدہ مضمون کا جائزہ ہوتا ہے۔

ریویو آرٹیکلز کے تین اقسام ہیں:

۱۔ بیانیہ جائزہ (Narrative Review) اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ

کسی عنوان پر موجودہ معلومات مکمل طور پر اس عنوان پر شائع شدہ تحقیقی مواد سے ہی ماخوذ ہیں۔

۲۔ ایک منظم جائزہ مطلوبہ سوال کا جواب مذکورہ عنوان میں موجود سائنٹفک ادب ہی میں تلاش کرتا ہے۔

۳۔ میٹا انالسس شائع شدہ مضامین کا موازنہ کرتا ہے اور معلومات کو یکجا کرتا ہے، جس سے مواد کی تاثیر کا جائزہ لے سکیں۔

A Research Paper:

A research paper, also called an original research article, is a primary source, that is, the authors themselves should have collected the raw data and analyzed it to arrive at the results of his research. A research paper is based on original research by the researcher whether individual or a team or organization. The kind of research may vary depending on your field or the topic (experiments, survey, interview, questionnaire, etc.), but authors need to collect and analyze raw data and conduct an original study. The research paper will be based on the analysis and Interpretation The research paper is new creation. of this data. In other words the research paper is new creation.

Review Article:

A review article is a critical summary of the existing published articles on the topic. Thus, a review article is a secondary source. A review article or review paper is based on other published articles. It does not report original research

Review articles can be of three kinds:

* A narrative review explains the existing knowledge on a topic based on all the published research available on the topic.

* A systematic review searches for the answer to a particular question in the existing scientific literature on a topic.

* A meta-analysis compares and combines the findings of previously published studies, usually to assess the effectiveness of an intervention or mode of treatment.

ٹیکسٹ بک: ہندوستان میں ٹیکسٹ بک اور انگلستان میں اسے کورس بک
کہا جاتا ہے۔ برصغیر کے اردو حلقے میں اسے درسی کتاب بھی کہا جاتا ہے۔
زبان کی درس وتدریس میں اس کتاب کو 'ریڈر' بھی کہا جاتا ہے۔ ٹیکسٹ بک
ایسی تدریسی مینیول آف انسٹرکشن (Manual of Instruction) ہے
جو کسی بھی شعبہ میں استعمال کی جاتی ہے۔ ٹیکسٹ بکس کی ترتیب درسگاہوں
کے مطالبہ پر ترتیب دی جاتی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم میں ٹیکسٹ بکس و دیگر کتب کا
استعمال کیا جاتا ہے، جب کہ اسکولوں میں اسکول بکس یا ٹیکسٹ بکس کا استعمال عام
ہے۔ اکثر ٹیکسٹ بکس شائع شدہ یا پرنٹ شدہ شکل میں دستیاب ہوتے ہیں، لیکن دور
حاضر میں الیکٹرانک بکس یا ای بکس کی شکل میں دستیاب ہیں جو پی ڈی ایف فارمیٹ
میں ہوتے ہیں۔

اعلیٰ تعلیم میں خاص طور پر تعلیم طب میں بھی اصطلاح ٹیکسٹ بک مختلف شعبہ جات میں ایک مینیول آف انسٹرکشن ہے۔ بالخصوص متعلقہ بورڈ یا یونیورسٹی کی جانب سے پرسکرائب کی گئی ہوں اور پروفیسروں سے درس وتدریس کے لئے منتخب کی گئی ہوں، یا پھر جامع طور پر شعبہ سے ترتیب دی گئی ہوں۔ جن کا مقصد ہوتا ہے کہ مؤثر انداز سے درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تربیت دی جاسکے۔ ماثر طریقے سے تصور اور مفہوم کو سمجھا جاسکے، نیز منطق کی بنیاد پر تدریسی ارتقا بتدریج ہو سکے۔

ریفرینس بکس Reference Books

حوالہ جاتی کتاب ریفرینس بک ،پیریاڈیکل(Periodical) یا معلوماتی کتاب ہے جو مفید حقائق سے آراستہ ہو، خاص طور سے معلومات منظم طریقے سے ترتیب دئے گئے ہوں۔ حسب ضرورت آسانی سے حوالوں کے ساتھ معلومات دستیاب ہوں۔ حوالہ جات اکثر معلومات کے وہ ٹکڑے ہیں جن کو حسب ضرورت دیکھا اور پڑھا جائے۔ ایسا نہیں کہ ایک حوالے کے لئے کتاب کو شروع سے آخر تک پڑھنے کی نوبت ہو۔ ان حوالہ جاتی کتب میں تحریری طریقہ معلومات کو فراہم کرنا ہے۔ ہر کورس کے درس وتدریس میں یہ کتابیں ٹیکسٹ بکس کے ساتھ معاون و مددگار ہیں۔ متعلقہ شعبہ کی سفارشات اور مشوروں پر وسیع پیمانے پر مطالعہ کی مطلوبہ کتابیں ہی ریفرنس بکس ہیں۔

TEXT BOOK

A textbook (Indian English) or course book (UK English) a Reader (in teaching Language) is a manual of instruction in any branch of study. Textbooks are produced according to the demands of educational institutions. Textbooks and other books are used in higher studies, schools books or text books are used in schools. Most of textbooks are published in printed format; many are now available as online electronic books or e-books in pdf format.

In Higher Education such as the field of Study of Medicine the term Text book is also refer to a manual of instruction in the particular branch of study, that too prescribed by the concerned board or the authority or textbooks are chosen by the professor teaching the course, or by the department as a whole applied effective teaching based on the natural gradual growth from simple to more comprehensive concepts, supported lifelong learning and development of logical thinking.

Reference books:

A reference book is a book or periodical or a book of information with useful facts and specially organized information to which one can refer for the required information. The information is intended to be found quickly when needed. Reference works are usually referred to for particular pieces of information, rather than read beginning to end. The writing style used in these works is informative. The reference books are the supportive books for the course of study with the text books. These may be suggested by the department for the purpose of study or broader study.

دیگر مفید عنوانات

عالمی ادارہ صحت World Health Organization

☆ عالمی ادارہ صحت ایک بین الاقوامی ادارہ ہے جو عالمی سطح پر عوام کی صحت کے متعلق فعال رہتا ہے۔

☆ یہ ادارہ اقوام متحدہ کا ایک مخصوص ادارہ ہے۔

☆ اس کا قیام 7 اپریل 1948ء کو ہوا، اس کا صدر مقام ملک سویزرلینڈ کے شہر جنیوا میں ہے۔

☆ یہ ادارہ، یونائیٹڈ نیشنز ڈیولپمنٹ گروپ کا رکن ہے۔

☆ ماضی میں لیگ آف نیشنز کا رکن ہیلتھ آرگانائزیشن رہ چکا ہے۔

☆ 22 جولائی 1946 کو 61 ممالک پر مشتمل عالمی ادارہ صحت کا دستور بنا اور اس کی پہلی میٹنگ 24 جولائی 1946 کو منعقد ہوئی، اور وہاں یہ ادارہ رو بعمل آیا۔

☆ یہ ادارہ آفیس انٹرنیشنل پبلک ہائجین اور لیگ آف نیشنز ہیلتھ آرگانائزیشن سے منسلک ہے۔

☆ اس کے قیام کے بعد اسہال یا کس کی روک تھام کے اقدامات کیے گئے جس میں بڑی حد تک کامیابی بھی ملی۔

☆ اس کے موجودہ اہم کاموں میں کمیونیکابل ڈیزیز (Communicable diseases)، خاص طور پر ایچ آئی وی/ایڈس، ایبولا، ملیریا اور دق ہیں۔

☆ غیر متعدی بیماریوں کے میٹیگیشن (Mitigation) تاثیرات، جنسی اور ریپروڈکٹیو ہیلتھ، ترقی اور درازی عمر وغیرہ۔

☆ تغذیہ، غذا کا تحفظ، صحتمند کھانا، ملازمتی صحت، غذا کی فضولی، رپورٹنگ، اشاعت اور مینٹورنگ کی ترقی کے اقدام۔

☆ عالمی ادارہ صحت ان باتوں کا ذمہ دار ہے 1۔ عالمی صحتی رپورٹس، 2) بین الاقوامی صحت پر اشاعت، 3) عالمی صحتی سروے جیسے کام انجام دینے کے لیے۔ اور 4) سالانہ عالمی یوم صحت ہر سال 7 اپریل کو منانا۔

☆ عالمی ادارہ صحت کے موجودہ صدر مارگاریٹ چان (Margaret Chan) ہیں۔

☆ عالمی ادارہ صحت کا بجٹ برائے سال 2014 اور 2015، میں 4 بلین امریکی ڈالر رہا ہے۔ تقریباً 930 ملین امریکی ڈالر اراکین ممالک کا تعاون، تو 3 بلین امریکی ڈالر بذریعے رضا کارانہ تعاون و چندہ قرار دیا گیا۔

☆ موجودہ پروگرام میزلز اور روبیلا ویکسینیشن ہے۔ موجودہ دنوں میں ہندوستانی سرکار بھی اس ویکسینیشن کی مہم قومی سطح پر چلا رہی ہے۔

World Health Organization

- The World Health Organization (WHO) is an International Organization concerned with and working for Public Health globally.

- It is a specialized agency of the United Nations.

- It was established on 7 April 1948, headquartered in Geneva, Switzerland.

- The WHO is a member of the United Nations Development Group.

- Its predecessor, the Health Organization, was an agency of the League of Nations.

- The constitution of the World Health Organization had been signed by 61 countries on 22 July 1946, with the first meeting of the World Health Assembly finishing on 24 July 1948.

- It incorporated the Office international Public Hygiene and the League of Nations Health Organization.

- Since its creation, it has played a leading role in the adication of smallpox.

- Its current priorities include communicable diseases, in particular HIV/AIDS, Ebola, malaria and tuberculosis;

- The mitigation of the effects of non-communicable diseases; sexual and reproductive health, development, and aging;

• Nutrition, food security and healthy eating; occupational health; substance abuse; and driving the development of reporting, publications, and networking.

• The WHO is responsible for the World Health Report, a leading international publication on health, the worldwide World Health Survey, and World Health Day (7 April of every year).

• The head of WHO is Margaret Chan.

• The 2014/2015 proposed budget of the WHO is about US$4 billion. About US$930 million are to be provided by member states with a further US$3 billion to be from voluntary contributions.

• The current program is on Measles and Rubella Vaccination. In the recent days Indian government has taken up this program at national level.

آیوش

(آیوریود، یوگا اور نیچروپیتھی، یونانی، سِدھا اور ہومیوپیتھ)

AYUSH

آیوش کیا ہے؟

بھارت سرکار کا شعبہ منسٹری آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیر کی طرح ایک منفرد وزارتِ صحت ہے۔

وزارت آیوش 9 نومبر 2014 کو قیام پذیر ہوا۔ جس کا مقصد تحفظ صحت کے طریقہ کار کو تشہیر کرنا ہے۔

ماضی میں اس کا نام: ڈپارٹمنٹ آف انڈین سسٹم آف میڈیسن اینڈ ہومیوپیتھی (ISM&H) رہا ہے۔ جس کی تشکیل مارچ 1995 میں ہوئی تھی۔

موجودہ تاریخ

فی الحال اس کو شعبہ آیورویدا، یوگا اور نیچروپیتھی، یونانی، سِدھا اور ہومیوپیتھی سے موسوم کیا گیا ہے۔

اس کے زیر نگرانی ذیل کے ادارے ہیں۔

☆ ریسرچ کونسلز Research Councils

☆ سٹیچوٹری کونسلس فار ریگولیشن آف ایجوکیشن اینڈ پریکٹیس

Statutory Councils for Regulation of Education and Practice

☆ لیبوریٹریز Laboratories

☆ نیشنل انسٹی ٹیوٹ National Institute

☆ ڈرگ مینوفیکچرنگ یونٹ Drug Manufacturing Unit

☆ سی سی آر یو ایم: (سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن) یہ ایک ریسرچ کونسل ہے۔

☆ سی سی آئی ایم: (سینٹرل کونسل فار انڈین میڈیسن (مرکزی کونسل برائے انڈین میڈیسن)

☆ ین آئی یو ایم: نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن (قومی انسٹیٹیوٹ برائے طب یونانی)

ذیل کے ریسرچ کونسلز فعال ہیں

☆ سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان آیورویدک میڈیسن سائنس

Central Council for Research in Ayurvedic Medicine Science

☆ سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن

Central Council for Research in Unani Medicine

☆ سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان ہومیوپیتھی میڈیسن

Central Council for Research in Homeopathy Medicine

☆ سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان یوگا اینڈ نیچوروپیتھی میڈیسن

Central Council for Research in Yoga & Naturopaty Medicine

☆ فارماکوپئیل لیبوریٹری فار انڈین میڈیسن

Pharmacopoeial Laboratory for Indian Medicine

☆ ہومیوپیتھی فارماکوپئیل لیبوریٹری Homeopathy Pharmacopoeial Laboratory

AYUSH

History of AYUSH

The Ministry of AYUSH was formed on 9th November 2014 to ensure the optimal development and propagation of AYUSH systems of health care.

Earlier name: Department of Indian System of Medicine and Homeopathy (ISM&H) - created in March 1995.

Present AYUSH

Renamed as Department of Ayurveda, Yoga and Naturopathy, Unani, Siddha and Homoeopathy (AYUSH) in November 2003, focusing on Development of Education and Research in Ayurveda,Yoga and Naturopathy, Unani, Siddha and Homoeopathy.

LIST OF ORGANIZATIONS UNDER THE MINISTRY OF AYUSH

- RESEARCH COUNCILS
- STATUTORY COUNCILS FOR REGULATION OF EDUCATION AND PRACTICE

- LABORATORIES
- NATIONAL INSTITUTES
- DRUG MANUFACTURING UNIT

- CCRUM-

Central Council for Research in Unani Medicine (CCRUM)
Jawaharlal Nehru Bhartiya Chikitsa Avum Homoeopathy,

- CCIM

Central Council for Indian Medicine (CCIM),

(STATUTORY COUNCILS FOR REGULATION OF EDUCATION AND PRACTICE)

- NIUM

National Institute of Unani Medicine (NIUM),

Research councils

- Central Council for Research in Ayurvedic Medicine Science (CCRAS)
- Central Council for Research in Siddha Medicine (CCRS)
- Central Council for Research in Unani Medicine (CCRUM)
- Central Council for Research in Homoeopathy Medicine (CCRH)
- Central Council for Research in Yoga and Naturopathy Medicine (CCRYN)
- Pharmacopoeial Laboratory for Indian Medicine (PLIM)
- Homoeopathic Pharmacopoeial Laboratory (HPL)

عالمگیریت، گلوبلائزیشن

Globalization

گلوبلائزیشن یا عالمگیریت کیا ہے؟

گلوبلائزیشن ایک ایسا عمل ہے جس میں بین الاقوامی اتحاد کو بڑھاوا دیا جاتا ہے۔ اس میں عالمی نظریات، اشیاء، خیالات اور ثقافتی امور کو باہمی طور پر متبادل کیا جاتا ہے۔ اس گلوبلائزیشن کے اہم عوامل باہمی انحصار رکھنے والے معاشی اور ثقافتی سرگرمیاں ہیں، جیسے جہاز رانی، مواصلات، انفراسٹرکچر، موبائل اور انٹرنیٹ ٹیکنالوجی وغیرہ۔

ویسے یہ گلوبالائزیشن آج کل کی جدید دین نہیں ہے بلکہ صدیوں سے بنی آدم کے باہمی رواداری کا سلسلہ وار عمل رہا۔ سلاطین کے درمیان، تہذیبوں، تجارتوں، ثقافتوں کے درمیان پایا جانے والا تال میل ہی گلوبالائزیشن ہے۔ یورپی دور کے ایجادات اور دریافت کاری سے پہلے ہی یہ گلوبلائزیشن قوموں میں اور قوموں کے درمیان موجود تھا۔

تاریخی وتہذیبی طور پر دیکھا جائے تو انسان کے دنیا میں مختلف مقامات پر پھیلنے کے عمل کو ہی گلوبالائزیشن کہا جا سکتا ہے۔ جس کے اہم وجوہات میں (۱) محفوظ جگہوں کی تلاش۔ (۲) تجارت (۳) سلطنتوں کی توسیع۔ (۴) مذہب کی ترویج وتبلیغ۔

ان چار عوامل کے ذریعے انسان کا اپنے معاشرے سے نکل کر دوسرے معاشرے میں جانا اور اپنی تہذیب وثقافت کے ساتھ ساتھ تجارت اور اپنے علاقائی اشیاء

کا تعارف کروانا، اپنی ایجادات و دریافتیں دوسروں تک پہنچانا اور ان کو عالمیت کے دائرے میں لانا ہی گلوبالائزیشن مانا جاتا ہے۔

کچھ لوگوں کا یہ بھی ماننا ہے کہ عالمگیریت عالمی خوشحالی ہے تو دوسرے یہ تشریح کرتے ہیں گلوبلائزیشن افراتفری اور انتشار ہے۔

آج عالمگیریت کی اصطلاح کا موجودہ استعمال کسی بھی صورت میں کیوں نہ ہو لیکن ہزاروں سال قبل ہمارے آباواجداد دنیا کے مختلف حصوں میں خواہ وہ براعظم کے ممالک ہوں پھیل گئے اور دنیا کو اپنی تہذیب وثقافت سے آراستہ کیا۔ یہ عمل ایسا ہی ہے جس کو آج گلوبلائزیشن یا عالمگیریت کے نام سے جانا اور پہچانا جاتا ہے۔

Globalization

Globalization is the process of international integration arising from the interchange of world views, products, ideas, and other aspects of culture. Advances in transportation (such as the stream locomotive, steamship, jet engine, and container ships) and in telecommunications infrastructure (including the rise of the telegraph and its modern offspring, the Internet, and mobile phones) have been major factors in globalization, generating further interdependence of economic and cultural activities. Though many scholars place the origins of globalization in modern times, others trace its history long before the European Age of Discovery and voyages to the New World. Some even trace the origins to the third millennium BC. Large-scale globalization began in the 19th century. In the late 19th century and early 20th century, the connectivity of the world's economies and cultures grew very quickly.

The term globalization is very recent, only establishing its current meaning in the 1970s. In 2000, the International Monetary

Fund (IMF) identified four basic aspects of globalization: trade and transactions, capital and investment movements, migration and movement of people, and the dissemination of knowledge.

Further, environmental challenges such as global warming, cross-boundary water and air pollution, and overfishing of the ocean are linked with globalization. Globalizing processes affect and are affected by business and work organization, economics, socio-cultural resources, and the natural environment. Academic literature commonly subdivides globalization into three major areas: economic globalization, cultural globalization, and political globalization.

چند ضروری اصطلاحات

☆	اردو اصطلاح	انگریزی اصطلاح	☆	اردو اصطلاح	انگریزی اصطلاح
☆	مواصلات	Communcate/Convey Communication	☆	ضابطہ (خفیہ حروف)	Code
☆	اطلاع	Communicate	☆	ضابطہ کاری	Encode
☆	مراسلہ	Sending / Report	☆	ضابطہ کشائی، شرح	Decode
☆	ارسال	Send	☆	اشاعت	Publish
☆	مراسلہ نگار	Reporter	☆	نشر	Broadcast
☆	نامہ	Report	☆	زبانی	Verbal
☆	نامہ نگار	Reporter	☆	غیر زبانی یا اشاریہ	Non-Verbal
☆	مُرسِل	Sender	☆	جسم کی نقل و حرکت	Body Language
☆	پیغام	Message	☆	تناؤ	Stress
☆	وصول دہندہ	Receive	☆	مؤثر	Effective
☆	ملف یا تصویر	Image	☆	اثر	Effect
☆	روبرو	Face to face	☆	مہارت	Skill
☆	راست	Direct	☆	اتصال	Connection
☆	بالواسطہ	Indirect			

Suggested Websites for the students

- https://www.nhp.gov.in/ (National Health Portal, India)
- ttps://www.nhp.gov.in/ayush_ms (National Health Portal, AYUSH)
- ttps://www.nhp.gov.in/unani_mty (National Health Portal, Unani)
- http://ayush.gov.in/ (Ministry of AYUSH, India)
- http://ayushportal.nic.in/ (AYUSH Research Portal)
- http://www.who.int/en/ (World Health Organization)
- http://www.ermed.in/ (National Medical Library India, Electronic Resources in Medicine, Ministry of Health and Family Welfare)
- http://www.nml.nic.in/ (National Medical Library)
- https://en.wikipedia.org/wiki/Health_in_India (Wikipedia, Health in India)

References:

- University of Kent Website - www.kent.ac.uk
- Self Awareness Programs - www.selfawareness.org.uk
- Oxford Dictionary
- www.unesco.org
- Wikipedia
- Tutorial Point
- US National Library of Medicine
- Paper Masters